طلباء کے ساتھ گہری محبت رکھنے والے انسان تھے۔ انہوں نے اپنی جان و مال کو قرآن و سنت اور مسلک حقہ کی آبیاری کیلئے وقف کر رکھا تھا۔ دل کھول کر دینی اور مسلکی امور پر خرچ کرتے تھے۔ مرحوم کئی بار جماعتی حوالے سے مختلف تقریبات میں شرکت کیلئے جہلم آتے رہے۔ مرحوم کا علامہ محمد مدنی مرحوم سے بھی گہرا تعلق اور محبت تھی۔ کئی بار ان کی زندگی میں اور بعد میں بھی جامعہ کی زیارت کیلئے جہلم تشریف لاتے رہے۔ علاوہ ازیں مرحوم مجھ سے ٹیلی فون پر بھی گاہے بگاہے رابطہ رکھتے تھے۔ یہ ان کی دین سے محبت کی علامت تھی۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے ان کے جنازہ میں بھاری تعداد میں علمائے کرام، شیوخ الحدیث اور جامعات و مدارس کے طلبا کو دیکھا۔ جو ان کے غم میں سوگوار اور دل گرفتہ تھے۔

## مشہور مؤرخ و ادیب مولانا محمد اسحاق بھٹی کو صدمہ

جماعت اہل حدیث کے معروف مصنف و مؤرخ جناب مولانا محمد اسحاق بھٹی کے داماد محمد علی 19,20 فروری کی درمیانی رات مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم صالح اور بااخلاق انسان تھے۔

## مولانا محمود الحسن غضنفر خطیب چکوال و مولانا مسعود الحسن کو صدمہ

مرکزی جمعیت اہل حدیث چکوال کے ممتاز راہنما مولانا محمود الحسن غضنفر و مولانا مسعود الحسن کے چھوٹے بھائی عبدالمنان مکہ مکرمہ میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی تدفین مکہ مکرمہ میں عمل میں آئی۔

## پروفیسر حافظ محمد مطیع الرحمٰن کو صدمہ

مورخہ 29 مارچ بروز سوموار پروفیسر حافظ محمد مطیع الرحمٰن وائس چانسلر امام بخاریؒ انٹرنیشنل یونیورسٹی سیالکوٹ کی اہلیہ محترمہ انگلینڈ میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی تدفین انگلینڈ میں عمل میں آئی۔ جبکہ سیالکوٹ میں ان کی غائبانہ نماز جنازہ امیر مرکزیہ سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے 31 مارچ بروز بدھ شام 5 بجے پڑھائی۔ جس میں تمام مکاتب فکر کے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

مذکورہ بالا علماء و مرحومین کی غائبانہ نماز جنازہ جامعہ علوم اثریہ میں ادا کی گئی۔

## چوہدری سہیل ضیاء (پتوکی) کو صدمہ

مورخہ 28 جنوری بروز جمعرات چوہدری سہیل ضیاء کی والدہ محترمہ پتوکی میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں مولانا قاری تاج دین شاکر اور دیگر جماعتی احباب نے شرکت کی۔

## چوک اہل حدیث جہلم میں چوہدری میڈیکل سٹور کا افتتاح

جماعتی ساتھی چوہدری محمد ابراہیم نے اپنے میڈیکل سٹور کو وسعت دی اور اس کی جدید انداز میں ڈیکوریشن کروانے کے بعد کم اپریل بروز جمعرات کو رئیس الجامعہ نے اس کا افتتاح کیا اس موقع پر مختصر خطاب کرتے ہوئے رئیس الجامعہ نے اسلامی اصول تجارت کیلئے دینی امور کی وضاحت کی اور کہا کہ تجارت کے ساتھ ساتھ نماز اور اللہ کے ذکر کو قائم رکھنا ہی اصل غایت و مقصود ہونا چاہیے۔ آخر میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کے کاروبار میں برکت فرمائے۔ (آمین) اس تقریب میں بڑی تعداد میں تاجروں، اور ان کے دوست احباب نے شرکت کی۔